ilmkidunya

علم کی دنیا

# Education - FA Part 2 Education Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Preparation Online Test

Q1. تعلیم کے بنیادی مقاصد کیا ہیں؟

**Ans 1:** بنیادی طور پر تعلیم کا مقصد معاشرتی زندگی کی تشکیل نو،تہذیبی ورثے کا تحفظ اور اس کی اگلی نسل تک منتقلی ہے.افراد معاشرہ کی بنیاد ضروریات کی تکمیل کرنا بھہ تعلیم کے مقاصد میں شامل ہیں.

---

Q2. نصاب سازی میں صوبوں کا کیا کردار ہے؟

**Ans 1:** 18ویں آئینی ترمیم کے بعد نصاب سازی کا اختیار صوبوں کو منتقل کر دیا گیا ہے اور اب یہ صوبوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ پہلی سے بارہویں جماعت تک کی نصاب سازی کا کام سر انجام دیں.تدوین نصاب اور درسی کتب کی تیاری میں صوبے اپنی اقدار ،روایات،سماجی و معاشرتی ضروریات اور جعرافیائی خدونخال کے مطابق نصاب سازی کرنے میں بااختیار ہیں.

---

Q3. صوبائی محکمہ تعلیم کن خودمختار نیم خود مختار اداروں کی نگرانی کرتا ہے؟

**Ans 1:** تعلیم کے فروغ کے لیے مختلف صوبے میں مختلف خود مختار اور نیم خود مختار ادارے کام کرتے ہیں .ان میں ٹیکسٹ بک بورڈ،امتحانی بورڈز،نظامت تعلیماے،یونیورسٹیاں اور تربیت اساتذہ شامل ہیں.

---

Q4. یونیورسٹیوں سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ملک میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لئے بلک اور پرائیوٹ سیکٹر میں یونیورسٹیاں قائم ہیں.پچھلے چند سالوں میں ان یونیورسٹیوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ کیا گیا.یونیورسٹیاں بنیادی طور پر خود مختار تعلیمی ادارے ہیں جو تعلیمی اموع میں فیصلے کرنے کے حوالے سے اپنی پالیسیاں مرتب کرسکتے ہیں.

---

Q5. تعلیمی انتظام و انصرام پر مختصر نوٹ لکھیں.

**Ans 1:** ملک میں ضرورت کت مطابق نئے تعلیمی اداروں کے قیام،نصاب سازی،تربیت اور اساتذہ ،امتحان اور جائزہ جیسے امور کی انجام دہی وفاقی صوبائی اور ضلعی حکومتوں کی ذمہ داری ہے،تعلیم انتظام و انصرام کی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے حکومتیں مختلف ادارے قائم کرتی ہیں جو مختلف سطحوں اور مختلف پہلوؤں سے فرغ تعلیم کے عمل میں حکومتوں کا ہاتھ بٹا ہیں.

---

Q6. نصاب سازی کی اہمیت بیان کریں.

**Ans 1:** تمام علمی اور فنی تصورات و تجربات،کملہ ادبی معاشرتی اور تفریحی لوازمات نصاب ہی کا حصہ ہیں.نصاب اور اس سے متعلق درسی مواد کے ان انتخاب ،تنظیم اور تیاری کے لیے ضروری ہے کہ تعلیم کے لئے طے شدہ مقاصد کو پیش نظر رکھا جائے.

---

Q7. صوبائی سیکرٹری تعلیم کے فرائض بیان کریں.

**Ans 1:** صوبائی سیکرٹری تعلیم کے اختیارات و فرائض کم و بیش ہی ہیں جو وفاقی سیکرٹری تعلیم کے ہوتے ہیں،صوبائی سیکرٹری تعلیم وفاقی سیکرٹری سے رہنمائی و ہدایت حاصل کرتا ہے.جس طرح مرکزی وزارت تعلیم کے مختلف شعبے اور ان میں افسران وماتحت عملہ متعین ہے.

---

Q8. ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** "تعلیم سب کے لئے" کے منصوبے کے تحت ہر ضلع میں ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر کا عہدہ بھی قائم کیا گیا ہے جو اپنے اپنے ضلع میں خواندگی کو عام کرنے اور تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں.

---

Q9. نصاب کے نفاذ میں دوسرے مرحلے سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** نصاب کے نفاذ کا دوسرا مرحلہ نصاب کی تدریس کے لئے تدریس طریقوں کا انتخاب ،ضروری ،تدریسی معاونت کی تیاری اور ان کے مطابق اساتذہ کی تربیت ہے.

---

Q10. ہمارے ملک میں امتحانات کا نظام کیسا ہے؟

**Ans 1:** سکول عموماً پہلی سے آٹھویں جماعت تک کے امتحان لیتے ہیں.پانچویں اور آٹھویں کلاس کے منتخب طلبہ و طالبات لے لئے وظیفہ کے امتحانات کا انعقاد،ضلعی حکومت کی ذمہ داری ہے.میٹرک اور انٹر میڈیٹ کی سطح پر امتحان لینے کے لئے امتحانی بورڈز قائم ہیں.

---